پریس ریلیز

شیل پاکستان لمیٹڈ نے 2019ء کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا

کمپنی کے مالی نتائج پر ملک میں درپیش بڑے اقتصادی چیلنجوں کے اثرات نمایاں رہے

کراچی، 05مارچ، 2020: شیل پاکستان لمیٹڈ (''**ایس پی ایل**'') کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 31دسمبر، 2019ء کوختم ہونے والے مالی سال کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔اس اعلان کے مطابق کمپنی کو1,485 ملین روپے کے بعد ازٹیکس نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے جبکہ گزشتہ مالی سال 2018ء میں یہ نقصان 1,102 ملین روپے تھا۔

آئل انڈسٹری کو ملک میں مسلسل بڑے اقتصادی چیلنجوں کا سامنا رہا جس کی بنیادی وجہ روپے کی قدر میں غیر معمولی کمی، ایندھن کی مارکیٹ میں تنزلی، تیل کی بین الاقوامی قیمتوں میں غیر یقینی صورت حال اور لاگو ٹیکس کی کم سے کم شرح میں اضافہ تھے جنہوں نے شیل پاکستان لمیٹڈ کے مالی نتائج پر نمایاں اثرات مرتب کیے ہیں۔

سنہ 2019ء میں، پاکستانی روپے کی قدر میں، امریکی ڈالرز کے مقابلے میں، 11 فیصد کی مزید کمی ہوئی جس کے اثرات کمپنی کے مجموعی نتائج پر بھی مرتب ہوئے۔درآمدات پر انحصار کرنے والی انڈسٹری کا حصہ ہونے کے باعث شیل پاکستان کے اخراجات کا بڑا تناسب غیر ملکی کرنسی پر مشتمل ہوتا ہے چنانچہ روپے کی قدر میں کمی نے اس کے اخراجات کو بھی متاثر کیا اور نتیجے کے طور پر اس کی مالی کارکردگی متاثر ہوئی۔

شیل پاکستان لمیٹڈ اپنے مسابقتی کاروباری منصوبوں پر عمل درآمد جاری رکھے گا تاکہ اعلیٰ معیار کی کاروباری کارکردگی کا مظاہرہ کرسکے اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے لتوانائی کے مستقبل کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔